122

نمبر ۵۰۲ اردو

Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۰ جمادی الاول ۱۳۵۳ھ مطابق یکم ستمبر ۱۹۳۴ عیسوی جلد

حصہ اول

احکامات کونسل ریاست رامپور

۷	تشخیص انتظامات ترقی غیر ان فوج	۶	۲	رخصت لفٹننٹ کرنل سید [illegible] صاحب اسسٹنٹ کمانڈنٹ	۱
۸	منظوری تقرر [illegible] محرران [illegible]	۷	۵	رخصت بادی علیخاں ایڈجوٹنٹ [illegible] لفٹننٹ [illegible]	۲
۹	احکام اجلاس جناب پریذیڈنٹ صاحب بہادر		۵	[illegible] محرر [illegible] الرحمن صاحب بہادر	۳
۱۰	روبکار بابت تعین تنخواہ [illegible] خاں سپرنٹنڈنٹ پولیس	۹	۵	تخفیف [illegible] روشنی برقی	۴
۱۱	منظوری رخصت صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس	۱۲	۷ و ۸	منظوری سکیم [illegible] ٹیکس	۵
			۸	نقشہ احکام [illegible] پریذیڈنٹ صاحب کونسل	۶

(مطبوعہ سٹیٹ پریس رامپور)

آرڈرزان کونسل ریاست رامپور

آرڈران کونسل:- مورخہ ۲۹ راگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۹ راگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات دربارہ رخصت رعایتی دو ہفتہ لفٹنٹ کرنل عبد الحکیم خاں صاحب اسسٹنٹ کمانڈنٹ فورسٹ پیش ہوئی۔

بوجہ علالت دختر کمانڈنٹ فورسٹ کو ۲ راگست ۱۹۳۳ء سے دو ہفتہ کی رعایتی رخصت کی منظوری ضابطہ دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ ہائے متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب کونسل

دستخط صاحب سکریٹری صاحب کونسل

آرڈران کونسل:- مورخہ ۲۹ راگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۹ راگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات رخصت بلا تنخواہ ایک ماہ ایڈجوٹنٹ سیکنڈ لفٹنٹ ہادی علیخاں صاحب سیکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری پیش ہو کر طے پایا کہ:-

ایڈجوٹنٹ سیکنڈ لفٹنٹ ہادی علیخاں کی رخصت بلا تنخواہ ایک ماہ یوم استعفاء سے منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ ہائے متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ برگیڈ آرڈر جاری کیے جائیں

دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب کونسل

دستخط صاحب سکریٹری صاحب کونسل

آرڈران کونسل:- مورخہ ۲۹ راگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۹ راگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات بیشی الاؤنس مکان میجر عطاء الرحمن صاحب پیش ہو کر طے پایا کہ:-

چونکہ موجودہ مکان رہائش میجر عطاء الرحمن صاحب بہادر خالی کرایا جا رہا ہے اور کوئی سرکاری مکان اسوقت موجود نہیں ہے۔ جو ان کو دیا جا سکے۔ آسایش کا مکان تیس روپیہ ماہوار کرایہ سے کم پر نہیں ملتا۔ لہذا آیندہ سے تا صدور حکم ثانی پانچ روپیہ ماہوار موجودہ الاؤنس میں اضافہ منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ ہائے متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب کونسل

دستخط صاحب سکریٹری صاحب کونسل

آرڈران کونسل:- مورخہ ۲۹ راگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۹ راگست ۱۹۳۳ء میں کاغذات متعلق تخفیف چارجز روشنی برقی پیش ہو کر طے پایا کہ:-

تخفیف منظور ہے اسکا عملدرآمد یکم ستمبر ۱۹۳۳ء سے ہوگا۔ برائے آیندہ دکانداران سے بتفصیل ذیل کرنٹ چارجز لئے جائیں۔

۱۵ واٹ ۔۔۔ [illegible] ۔۔۔ ۲۰ واٹ ۔۔۔ [illegible] ۔۔۔ ۲۵ ۔۔۔ [illegible]

۳۰ واٹ ۔۔۔ [illegible] ۔۔۔ ۴۰ واٹ ۔۔۔ [illegible] ۔۔۔ ۶۰ ۔۔۔ [illegible]

حکم ہوا کہ

سررشتہ ہائے متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب کونسل

دستخط صاحب سکریٹری صاحب کونسل

از دوران کونسل - ۲۹ راگست ۱۹۳۲ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۵ راگست ۱۹۳۲ء
میں کاغذات متعلق قیام ریڈ کراس سوسائٹی بعد الحاق
زچہ خانہ و میٹرنٹی لیگ پیش ہوئے اور طے پایا کہ
حسب تجویز صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر اسکیم بابتہ الحاق
زچہ خانہ و میٹرنٹی لیگ منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

منسٹر صدر سے انجام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل حکم
مع نقل اسکیم منسلکہ درج گزٹ ہو۔ بعد اجرائے انجام
کاغذات بغرض کارروائی صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر کی
خدمت میں مرسل ہوں۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

ہز ایکسلنسی سر مالکم ہیلی کی تجویز پر اعلیٰحضرت حضور پُرنور دام
اقبالہم ملکہم نے یہ منظوری عطا فرمائی کہ

(۱) کہ جناب بیگم صاحبہ دام اقبالہا ممالک متحدہ میں صلیب
احمر کی شاخ کی مربی سرپرستی بخوشی قبول فرماتی ہیں۔

(۲) رامپور میٹرنٹی اور زچہ خانہ کا الحاق یوپی شاخ سے
کر دیا جائے۔

اس سلسلہ میں سکریٹری صوبہ ممالک متحدہ ریاست رامپور
میں تشریف لائے تھے اور اس مسئلہ پر کافی گفتگو کی تھی
یہ ضروری ہے کہ ریاست میں ایک سوسائٹی قائم
کیجائے جس کا تعلق صوبہ کی کمیٹی سے ہو۔ اس قسم کے
ادارے دیگر ریاستوں میں بھی قائم رکھے گئے ہیں۔
لیکن چونکہ صلیب احمر کا یہاں قائم ہونا ممکن ہے
کہ پسندیدہ ہو حسب ذیل پروگرام سکریٹری صلیب احمر
اس سوسائٹی کے سکریٹری سے طے پایا ہے

الف۔ یہ کہ رامپور میں صلیب احمر نام کی سوسائٹی کا نام کا
ادارہ قائم کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ اسکے بجائے
اس کو میٹرنٹی اور زچہ خانہ سوسائٹی کے نام سے موسوم
کیا جائے تاکہ وہ خدمات انجام دے سکے جس سے عام
رعایا و مخلوق کو فائدہ ہو۔

ب۔ قواعد و قوانین متعلقہ الحاق سوسائٹی میں لوکل حالات
کو مدنظر رکھتے ہوئے ترامیم کر دی گئی ہیں تاکہ پراونشل
شاخ اندرونی نظم و نسق میں دخل نہ دے سکے۔

(۳) یہ کسی پراونشل سوسائٹی کو ان امدادات میں جو
ریاست سے دیجائینگی شریک ہونے کا کوئی حق نہ ہوگا
لیکن ممبران کی فیس میں سے ۱۰ فیصدی پراونشل
ادارہ کو دیا جائے گا جس کے صلہ میں اکثر فوائد
جن کا ذکر کیا گیا ہے۔ حاصل ہوں گے۔

میں نے اس پر آپ سے گفتگو کر لی ہے اور آپ نے
اپنی منظوری کا اظہار کر دیا ہے۔ یہ بھی طے پایا ہو کہ
اس ادارہ کے حسب ذیل عہدہ دار ہوں گے

(۱) مربی ہرہائنس۔
(۲) پریسیڈنٹ۔ منسٹر انچارج محکمہ حفظان صحت
(۳) وائس پریسیڈنٹ۔ چیرمین میونسپل بورڈ۔
(۴) سکریٹری۔ چیف میڈیکل افسر
(۵) جوائنٹ سکریٹری اور خزانچی۔ ہیلتھ افسر

مجلس منتظمان چاروں اصحاب پر مشتمل ہے اور تین
ممبر اور ہونگے جن میں سے ایک کو حضور بیگم صاحبہ دام
اقبالہا مقرر فرمائینگی۔ اور دو ممبرین مقرر کرینگے۔

اگر ضرورت ہوگی تو عورتوں کی سب کمیٹی علیحدہ قائم کیجائیگی۔ قانونی اجازت اس کے لئے درکار ہے۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

آرڈران کونسل

۹ر اگست ۱۹۳۴ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۶ر اگست ۱۹۳۴ء میں نقشہ احکام منظور فرمودہ صاحب پریسیڈنٹ بہادر پیش ہو کر طے پایا کہ احکام مندرجہ نقشہ منظور ہیں

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل حکم ہذا مع نقل نقشہ منظورہ برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر من ابتدائے ۱۴ر اگست ۱۹۳۴ء لغایت ۲۰ر اگست ۱۹۳۴ء

نمبر شمار	نام ڈیپارٹمنٹ	خلاصہ کاغذ	خلاصہ حکم	تاریخ حکم	خلاصہ حکم کونسل
۱	حجت نواب ولیعہد بہادر کتب خانہ	روبکار دربارہ تبادلہ مولوی ذوالفقار حسین صاحب درکتب خانہ منتقلی از مشاہرات حجت نواب ولیعہد بہادر بہ مشاہرات کتب خانہ بجائے [illegible] ماہوار تعدادی [illegible]	حسب رپورٹ سررشتہ صدر احکام مناسبہ جاری ہوں۔	-	منظور ہے

آرڈران کونسل

۲۹ر اگست ۱۹۳۴ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۶ر اگست ۱۹۳۴ء میں کاغذات بابت تنسیخ انتظامات ترقی افسران فوج بسلسلہ انتظام متعددہ گارڈ قصر ریاست رامپور رضا انفنٹری پیش ہو کر طے پایا کہ ۵ر اگست ۱۹۳۴ء سے تنسیخ احکام منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام مناسبہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

نقشہ اسٹیٹ افسران صاحبان فرسٹ رامپور رضا انفنٹری

نمبر	عہدہ موجودہ	نام	کیفیت
۱	لفٹنٹ کرنل چیف آف دی اسٹاف	ایبر منی صاحب بہادر	چیف آف دی اسٹاف کے عہدہ سے بطور افسر کمانڈنگ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری واپس ہوں اور ساٹھ ماہ کے تنخواہ بابتدائے ستمبر ۱۹۳۲ لغایت اپریل ۱۹۳۸ بحساب مبلغ السابہ ماہانہ مبلغ ۱۱۴۲۷-۵-۰ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کے بجٹ میں بجٹ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے تبدیل فرمادیے گئے
۲	میجر کمانڈنگ افسر	محمد عزیز حسن خانصاحب	اپنی سابقہ جگہ پر بطور سکنڈ ان کمانڈ واپس ہوں تنخواہ مبلغ دو سو روپیہ اور الاؤنس مبلغ تیس روپیہ ماہانہ بجگین مبلغ ماہوار پائینگے
۳	کپتان سکنڈ ان کمانڈ	محمد عمران شاہ خانصاحب	یہ اپنی سابقہ جگہ کپتان ایڈجوٹنٹی پر واپس ہوں تنخواہ مبلغ ماہوار اور الاؤنس مبلغ ماہوار بجگین مبلغ ماہانہ مثل سابق پائیں گے۔
۴	کپتان	عبد الغفار خانصاحب	سکنڈ رامپور رتعنی انفنٹری سے فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں بطور لفٹنٹ کمپنی کمانڈر ایک کمپنی واپس ہوں تنخواہ مبلغ یکصد روپیہ ماہوار مثل سابق پائینگے
۵	لفٹنٹ ایڈجوٹنٹ	فضل القادر خان صاحب	اپنی سابقہ جگہ لفٹنٹ کمپنی کمانڈری پر واپس ہوں۔ الاؤنس مبلغ ماہوار جو ایڈجوٹنٹی کا ملتا ہے مسدود فرمایا جائے اب مبلغ یکصد روپیہ ماہوار مثل سابق پائینگے۔
۶	لفٹنٹ	شریف اللہ خانصاحب	سکنڈ لفٹنٹ کوارٹر ماسٹری پر واپس ہوں مبلغ ماہانہ تنخواہ اور مبلغ ماہوار الاؤنس بجگین مبلغ ماہانہ مثل سابق پائیں گے۔
۷	سکنڈ لفٹنٹ	بانکے لال صاحب	اپنے سابقہ رینک صوبہ داری پر واپس ہوں تنخواہ مبلغ ماہوار مثل دیگر صوبہ داران پائینگے۔

آرڈران کونسل :-

(واقع ۲۹ اگست ۱۹۳۴ء)

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۰ اگست ۱۹۳۴ء

میں کاغذات بابت تقرر (۱۳) اکس محرران جیبا پیچ تیز پیچ وپچبالہ وغیرہ برائے دفتر بندوبست پیش ہوئے۔ ان کاغذات میں محرران کی مدت تقرر سے کوئی حوالہ نہیں ہے نہ بجٹ کی حالت ظاہر کیگئی ہے چونکہ بندوبست کا کام ختم ہونا لازمی ہے لہٰذا طے پایا کہ :-

(۱۳) اکس محرران مندرجہ تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر فی الحال ایکسال کیواسطے تقرر منظور کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ مذکور سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے ۔

(دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل)

بخدمت شریف جناب صاحب چیف منسٹر بہادر - ۱۱ اگست ۱۹۳۴ء

جناب من

دفتر بندوبست میں تیرہ محرران جانچ کی ضرورت ہے جو تشخیص بندوبست جانچ تیز پیچ وپچبالہ وغیرہ کا تجربہ رکھتے ہوں۔ ریاست میں باوجود کوشش کیے ایسے اشخاص دستیاب نہوسکے۔ بندوبست کا کام چونکہ میعادی ہے باشندگان ریاست کو ٹریننگ دینے میں بہت وقت صرف ہوگا۔ اور مصارف بھی کثیر ہونگے اسلئے بمشورہ صدر سلکشن بورڈ اشخاص مندرجہ ذیل کا انتخاب کیا گیا ہے۔

(۱) احمد علی ساکن بریلی عہ ؍ ماہوار

(۲) سید غلام مصطفیٰ امروہہ عہ ؍ ؍؍

(۳) ناظر حسین ساکن کانپور عہ ؍ ماہوار

۴۔ کنہیا لال فرخ آباد حال مقیم بدایوں عہ ؍ ماہوار

۵۔ عزیز الدین بدایوں عہ ؍ ؍؍

۶۔ مرزا اطہر حسین جونپور عہ ؍ ؍؍

۷۔ اجودھیا پرشاد مراد آباد عہ ؍ ؍؍

۸۔ اشتعاق حسین بدایوں للعہ ؍؍

۹۔ سید ابن علی امروہہ للعہ ؍

۱۰۔ محمد یحییٰ بارہ بنکی للعہ ؍ ؍؍

۱۱۔ پیارے لال علیگڈھ للعہ ؍ ؍؍

۱۲۔ فیض الحسن رامپور للعہ ؍ ؍؍

۱۳۔ منور حسین ؍؍ للعہ ؍ ؍؍

مکلف خدمت گرامی کہ براہ نوازش سکنائے بیرونجات کے تقرر کی منظوری جلد صادر فرمادیجائے تاکہ اجرائے احکام کیا جاسکے اور حرج کار نہو۔

نیازمند

(دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

احکام اجلاس جناب پریسیڈنٹ صاحب بہادر کونسل

واقع ۲۶ اگست ۱۹۳۳ء

[illegible] حسب [illegible] مجریہ ۲۵ جولائی ۱۹۳۳ء بابت تعین [illegible] ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) منشی محمود خاں صاحب کے خدمات ایک سال کے لئے ریاست نے بعہدہ سپرنٹنڈنٹ پولیس گورنمنٹ یو پی سے مستعار حاصل کرنے کی ریاست سے تحریک ہوئی تھی۔ گورنمنٹ یو۔ پی نے چھ ماہ کے لئے خدمات ریاست کو منتقل کئے ہیں۔ بعد ختم مدت توسیع ہو سکتی ہے۔

(۲) منشی محمود خاں صاحب گورنمنٹ یو۔ پی میں چار سو روپیہ ماہوار تنخواہ پاتے تھے۔ پچیس فیصدی تنخواہ میں اضافہ کر کے پانسو روپیہ ماہوار تنخواہ ان کو ریاست سے دیا جانا منظور ہے اور حسب قواعد مجریہ یو۔ پی گورنمنٹ [illegible] تنخواہ کے حق رخصت و پنشن ریاست سے دیا جائیگا۔

(۳) سفر خرچ بموجب قواعد ریاست ملیگا۔

(۴) یونیفارم۔ گھوڑا۔ اور زین کی رقم تعدادی آٹھ روپے سات آنے تین پائی (۸/۷/۳) ماہانہ ریاست سے دی جائے گی۔

(۵) جوائننگ ٹائم کی تنخواہ گورنمنٹ یو پی کو ریاست سے ادا ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

واقع ۲۹ اگست ۱۹۳۳ء

حکم

صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کی رخصت ۲۶ اگست ۱۹۳۳ء کو ختم ہو چکی ہے۔ انہوں نے چھ یوم کی مزید رخصت کے لئے لکھا ہے۔ لہذا ۲۷ اگست ۱۹۳۳ء لغایت یکم ستمبر ۱۹۳۳ء چھ یوم کی مزید رخصت (ذیل) بسلسلہ رخصت سابقہ منظور کی

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات صاحب بغرض اجرائے احکام صیغہ پولیس کو مرسل ہوں

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل